خیبر پختونخوا اخبارات کے ملازمین (ملازمت کی شرائط) کا قانون

(صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر اطلاق) کا ضابطہ ۱۹۸۷ء

خیبر پختونخوا ضابطہ نمبر I، ۱۹۸۷ء

<u>فہرست</u>

دیباچہ۔

دفعات۔

۱. مختصر عنوان، آغاز و دائرکار / وسعت۔

۲. پروونشل ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریاز پر ۱۹۷۳ء کے قانون نمبر VIII کا اطلاق۔

۳. بعض قوانین پر عمل ترک ہو جائے گا۔

خیبر پختونخوا اخبارات کے ملازمین (ملازمت کی شرائط) کا قانون

(صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر اطلاق) کا ضابطہ ۱۹۸۷ء

خیبر پختونخوا ضابطہ نمبر I، ۱۹۸۷ء

گورنر خیبر پختونخوا کی رضامندی / منظوری حاصل کرنے کے بعد، خیبر پختونخوا کی سرکاری جریدے (غیر معمولی) میں مورخہ ۱۷ِ جون ۱۹۸۵ء کو پہلی بار شائع ہوا۔

۱۷ِ جون ۱۹۸۵ء

ایک ضابطہ

جسکا اخبارات کے ملازمین (سروس کی شرائط) کا قانون ۱۹۷۳ء خیبر پختونخوا کے صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر اطلاق ہو گا۔

دیباچہ۔ چونکہ، یہ قرین از مصلحت ہے کہ اخبار کے ملازمین (سروس کی شرائط) کے قانون ۱۹۷۳ء کا خیبر پختونخوا صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر اطلاق ہو۔

اور جبکہ، کوئی بھی معاملہ جس کے متعلق صوبائی اسمبلی قانون سازی کی اہل ہے اس کے متعلق خیبر پختونخوا پروونشل ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریاز پر اطلاق یا اس کے کسی بھی حصہ کے متعلق صدر سے پیشگی اجازت لے کر ضوابط بنا سکتا ہے۔

اب، بدیں وجہ، خیبر پختونخوا کا گورنر، صدر کی پیشگی منظوری کے ساتھ ۱۹۷۳ء کے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۲۴۷ِ شق (۴) میں عطا کئے گئے اختیارات کے تعاقب میں، ازراہ کرم مندرجہ ذیل ضوابط بناتا ہے:---

مختصر عنوان، آغاز و دائرکار / وسعت۔

۱. (۱) یہ ضابطہ خیبر پختونخوا اخبارات کے ملازمین (ملازمت کی شرائط) کا قانون (صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر اطلاق) کا ضابطہ، ۱۹۸۷ء کہلایا جائے گا۔

(۲) یہ خیبر پختونخوا کے تمام صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر لاگو ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر ۱۹۷۳ء کے قانون نمبر VIII کا اطلاق۔

۲. اخبارات کے ملازمین (ملازمت کی شرائط) ایکٹ ۱۹۷۳ء (قانون نمبر LVIII، ۱۹۷۳ء) جو کہ ان ضوابط سے فوراً پہلے خیبر پختونخوا میں نافذ العمل تھے اور جہاں تک تمام قواعد، نوٹیفکیشنز اور احکامات ان ضوابط کے تحت بنائے گئے تھے، جاری ہوئے تھے یا کئے گئے تھے ان کا اطلاق خیبر پختونخوا کے صوبائی زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات پر ہو، جن کا حوالہ اس کے بعد مذکورہ علاقہ جات کے طور پر دیا جائے گا۔

۳. (۱) اگر اس ضابطہ کے آغاز سے فوراً پہلے مذکورہ علاقوں مِیں کوئی بھی قانون، دستاویز، ریت یا رواج جو قانونی طور پر قابل نفاذ تھے، جن کا تعلق اخبارات کے ملازمین (ملازمت کی شرائط) کے ایکٹ ۱۹۷۳ء تھا، ایسے قانون، دستاویز، ریت یارواج، مذکورہ ضابطہ کے آغاز پر، مذکورہ میں علاقوں میں ان پر اطلاق ترک کر دیا جائے گا۔

بعض قوانین پر عمل ترک ہو جائے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) میں کچھ بھی مندرجہ ذیل پر اثر نہیں کرے گا:---

(اَ) اس قانون، دستاویز، ریت یارواج پہلے سے جو عمل ہوا ہے؛ یا

(ب) اس قانون، دستاویز، ریت یارواج کے تحت کوئی بھی ذمہ داری، واجب الادا، جرمانہ ضبطگی یا کوئی بھی سزا کسی جرم کے تحت ہوئی ہو؛ یا

(ج) ایسی ذمہ داری، مواخذہ، جرمانہ، ضبطگی یا سزا کے متعلق کوئی بھی تحقیق، قانونی کاروائی یا کوئی دادرسی ہوئی ہو اور ایسا جرمانہ، ضبطگی یا کسی بھی سزا کا نفاذ، تحقیق، قانونی کاروائی یا دادرسی کے آغاز، جاری رہنے یا نفاذ سے ہوا ہو، اگر ذیلی دفعہ (۱) کا نفاذ نہ ہوتا ہو۔